# چنے کی فصل میں جھلساؤ کی بیماری

## چنے کے جھلساؤ کی پہچان



- ابتدا میں شاخوں، پتوں اور بعد ازاں پھلیوں پر بھورے رنگ کے گول دھبے ظاہر ہوتے ہیں
- ان دھبوں کے درمیانی حصے کی طرف کالے رنگ کے چھوٹے چھوٹے پھپھوندی کے بیج ہم مرکز گول دائروں کی صورت میں سات سے دس دنوں میں نظر آتے ہیں
- ان دھبوں سے پودا مرجھا جاتا ہے اور ایسے دکھائی دیتا ہے جیسے آگ سے جھلس گیا ہو
- بیماری سے متاثرہ پودے کی پھلیوں میں دانے یا تو بنتے نہیں اور اگر بنیں تو سکڑے ہوئے کمزور ہوتے ہیں۔

## انسداد سے متعلق اہم نکات

- جھلساؤ کی بیماری کے جراثیم (پھپھوندی) چنے کے بیج اور فصل کے باقیات میں موجود رہتے ہیں
- جھلساؤ کی بیماری کے خلاف قوت مدافعت رکھنے والی اقسام کا تصدیق شدہ صحتمند بیج استعمال کریں
- بیج کو سفارش کردہ پھپھوندی کش زہر لگا کر بوائی کریں
- اگر کسی کھیت میں چنے کی فصل کے باقیات موجود ہیں تو انہیں تلف کریں اور فصل میں موجود جڑی بوٹیوں کا تدارک یقینی بنائیں
- جس کھیت میں ایک سال جھلساؤ کی بیماری آئے اس کھیت میں کم سے کم اگلے تین سال تک چنے کی فصل کاشت نہ کریں
- چنے کی فصل کی بوائی ڈرل کے ساتھ شمالاً جنوباً کریں اور قطاروں کے درمیان سفارش کردہ فاصلہ برقرار رکھیں
- جن علاقوں میں جھلساؤ کا خطرہ ہو، وہاں بارش سے پہلے چنے کی فصل پر سفارش کردہ پھپھوندی کش زہر کا سپرے لازمی عمل میں لائیں
- ہر بارش کے 10 سے 14 دن بعد چنے کی فصل کا معائنہ کریں اور بیماری کی موجودگی پر محکمہ زراعت کے مقامی عملے سے رابطہ کریں

مزید معلومات کے لیے مندرجہ ذیل نمبر پر رابطہ کریں


**ڈاکٹر شاہد ریاض ملک**
شعبہ دالیں، این-اے-آر-سی، اسلام آباد
051-9255081

**اسرار حسین**
پراجیکٹ کوارڈینیٹر، اے-سی-آئی-اے-آر-041
0300-5445890